لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار

روزنامہ
برائٹ سٹار
گوجرانوالہ
پاکستان

گروپ چیئرمین
نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر آصف سیٹھی

سنیئر ایڈیٹر
محمد یونس مغل

ایگزیکٹو ایڈیٹر
مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 14	بروز جمعۃ المبارک 05 جولائی 024 2ء ، 28 ذوالحجہ 1445ھ صفحات 4 قیمت 15روپے	شمارہ: 304

وفاقی محتسب (29) شکایات سنیں، (26) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ

اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے: شاہد لطیف خاں کی میڈیا سے گفتگو



گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) شاہد لطیف خاں ایڈوائزر، اور اصغر علی اعوان، اسسٹنٹ رجسٹرار، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس نے سمبڑیال کا دورہ کیا اور اسسٹنٹ کمشنر آفس کمپلیکس میں ایڈمنسٹریٹر کے کمرے میں لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کے خلاف Outreach Complaint) (Resolution اور انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں۔ جس میں گیپکو وغیرہ کے خلاف (29) شکایات سنیں۔ اس موقع پر گیپکو کی طرف سے ایس ڈی او نے شرکت کی۔ ان میں سے دوران سماعت (26) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا۔ باقی تین شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور عزت مآب اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد جناب شاہد لطیف خاں، ایڈوائزر نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلہ میں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہیاور نہ فیس کی اس سلسلے میں شکایات کا صرف (40) چالیس دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تمام شکایات کنندگان نے درخواست کی کہ یہ دورے جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ ان کے مسائل کا بہترین حل ہے اور ان کو اپنے ہی شہر میں حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل جاتا ہے بعد ازیں شاہد لطیف خاں ایڈوائزر نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اس سلسلے میں انہوں نے اخباری نمائندوں سے کہا کہ لوگوں کو وفاقی محتسب کے دفتر کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں ہماری مدد کی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اپنے مسائل کے حل کیلئے وفاقی محتسب آفس سے رجوع کریں۔